This question paper contains 3 printed pages]

Roll No. | | | | | | | | | | | |

S. No. of Question Paper : **7863**

Unique Paper Code : **62141101** **GC**

Name of the Paper : **Study of Modern Poetry**

Name of the Course : **B.A. (Prog.) Urdu Discipline**

Semester : **I**

Duration : **3 Hours** Maximum Marks : 75

(Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.)

نوٹ : پانچ سوالوں کے جواب لکھئے۔ پہلا اور دوسرا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ درج ذیل میں سے ایک انتخاب کی تشریح مع حوالہ کیجئے۔

(الف)

یہ لڑکا، پوچھتا ہے جب تو میں جھلاّ کے کہتا ہوں
وہ آشفتہ مزاج اندوہ پرور، اضطراب آسا
جسے تم پوچھتے رہتے ہو کب کا مرچکا ظالم
اُسے خود اپنے ہاتھوں سے کفن دے کر فریبوں کا
اُسی کی آرزوؤں کی لحد میں پھینک آیا ہوں
میں اُس لڑکے سے کہتا ہوں وہ شعلہ مرچکا جس نے
کبھی چاہا تھا اک خاشاک عالم پھونک ڈالے گا
یہ لڑکا مسکراتا ہے، یہ آہستہ سے کہتا ہے
یہ کذب و افترا ہے جھوٹ ہے، دیکھو میں زندہ ہوں

(ب)

دنیا میں بادشا ہے سو ہے وہ بھی آدمی　　اور مفلس و گدا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

زردار و بے نوا ہے سو ہے وہ بھی آدمی　　نعمت جو کھا رہا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

ٹکڑے جو مانگتا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

مسجد بھی آدمی نے بنائی ہے یاں میاں　　بنتے ہیں آدمی ہی امام اور خطبہ خواں

پڑھتے ہیں آدمی ہی قرآن اور نماز یاں　　اور آدمی ہی ان کی چراتے ہیں جوتیاں

جو اُن کو تاڑتا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

۲۔ درج ذیل میں سے ایک انتخاب کی تشریح مع حوالہ کیجئے۔

(الف)

دنیا میری بلا جانے مہنگی ہے یا سستی ہے　　موت ملے تو مفت نہ لوں ہستی کی کیا ہستی ہے

آبادی بھی دیکھی ہے ویرانے بھی دیکھے ہیں　　جو اجڑے اور پھر نہ بسے دل وہ نرالی بستی ہے

جان سی شے بک جاتی ہے ایک نظر کے بدلے میں　　آگے مرضی گاہک کی ان داموں تو سستی ہے

جگ سونا ہے ترے بغیر آنکھوں کا کیا حال ہوا　　جب بھی دنیا بستی تھی اب بھی دنیا بستی ہے

آنسو تھے سو خشک ہوئے جی ہے کہ امڈا آتا ہے　　دل پہ گھٹا سی چھائی ہے کھلتی ہے نہ برستی ہے

(ب)

نگاہ یار جسے آشنائے راز کرے

وہ اپنی خوبی قسمت پہ کیوں نہ ناز کرے

دلوں کو فکرِ دو عالم سے کردیا آزاد
ترے جنوں کا خدا سلسلہ دراز کرے
خرد کا نام جنوں پڑگیا، جنوں کا خرد
جو چاہے آپکا حُسن کرشمہ ساز کرے
ترے ستم سے میں خوش ہوں کہ غالباً یوں بھی
مجھے وہ شامل ارباب امتیاز کرے
امیدوار ہیں ہر سمت عاشقوں کے گروہ
تری نگاہ کو اللہ دل نواز کرے

۳۔ اقبال کی نظم نگاری کے محاسن پر ایک مضمون لکھیے۔

۴۔ فراق گورکھپوری کی شاعری کی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

۵۔ نظم 'البیلی صبح' کی روشنی میں جوش کی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔

۶۔ جگر مرادآبادی یا اصغر گونڈوی کی غزل گوئی پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

۷۔ ''اے عشق کہیں لے چل'' یا ''تنہائی'' نظم کے مرکزی خیال پر تبصرہ کیجیے۔

۸۔ فانی بدایونی کی شاعری میں غم کا اظہار ملتا ہے۔ اپنی رائے لکھیے۔